# Pakistan Tehreek-e-Insaf

**Central Media Department**

---

## الیکشن کمیشن آف پاکستان کے نوٹیفکیشن پر پاکستان تحریک انصاف کا ردعمل

8اگست 2023

- الیکشن کمیشن آف پاکستان کے نوٹیفکیشن کو مسترد کرتے ہیں، عدالتِ عظمیٰ کے روبرو چیلنج کریں گے۔
- الیکشن کمیشن کا نوٹیفکیشن بند کمروں میں بنائے گئے منصوبوں اور سیاست میں غیر فطری و غیر قانونی مداخلت کا شاخسانہ ہے۔
- الیکشن کمیشن آف پاکستان کا تحریک انصاف اور چیئرمین تحریک انصاف کے حوالے سے تعصّب قوم سے پوشیدہ نہیں۔
- ایک متنازعہ ٹرائل کے نتیجے میں آنے والے متعصبانہ فیصلے کی بنیاد پر نہایت عجلت میں "مائنس ون" فارمولے کو عملی جامہ پہنانے کی کوشش عوام بھی مسترد کرتے ہیں۔
- الیکشن کمیشن آف پاکستان انتخابات کے التواء، جمہوریت کی بیخ کنی اور آئین سے انحراف کے منصوبے میں کلیدی سہولتکار ہے۔
- سپریم کورٹ کا 4اپریل کا فیصلہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کے آئین سے کھلواڑ کی داستان بیان کرتا ہے۔
- وقت آگیا ہے کہ سپریم جیوڈیشل کونسل چیف الیکشن کمشنر کیخلاف زیرِ التواء ریفرنس کی سماعت کرے اور فیصلہ دے۔
- متعصّب اور مفلوج ذہن کے ساتھ جمہور کی حقیقی قیادت کو سیاست سے نکال باہر کرنے کی کوششیں ناکام ہوں گی۔

---ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ